
# 12 سے 15 سال عمر کے بچوں کے لیے کرونا وائرس ویکسین


ناروپجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی طرف سے COVID-19 یعنی کرونا وائرس کی بیماری کے خلاف ویکسین کے متعلق مختصر معلومات

## کرونا وائرس کی بیماری




- بڑے بچوں کے لیے شدید کرونا وائرس بیماری کا خطرہ بہت کم ہے۔
- ویکسین اس کم خطرے کو اور کم کر دیتی ہے۔
- کرونا وائرس کی بیماری ہو جانے سے بھی دوبارہ اس بیماری کے خلاف اچھا تحفظ میسّر آتا ہے۔

## ویکسینیشن



- اگر آپ اور آپ کے سرپرست چاہیں تو آپ کو کرونا وائرس ویکسین کی 1 ڈوز یا 2 ڈوزیں لگ سکتی ہیں۔
- ویکسین لگوانا یا نہ لگوانا آپ کی مرضی ہے۔
- ویکسین اوپری بازو میں ٹیکے سے لگائی جاتی ہے۔
- اگر آپ کو ٹیکے سے ڈر لگتا ہے تو بتائیں تاکہ ویکسین لگانے والا زیادہ خیال رکھے۔
- اگر آپ 2 ڈوزیں لگوائیں تو ان دونوں کے درمیان 8 سے 12 ہفتوں کا وقت ہونا چاہیے۔

## ویکسین کا اثر کتنا اچھا ہوتا ہے؟




- پہلی ڈوز لگوانے کے 3 ہفتے بعد بڑے بچوں کو شدید کرونا وائرس بیماری کے خلاف اچھا تحفظ مل جاتا ہے۔
- ویکسین لگوانے کے باوجود آپ کو انفیکشن ہو سکتا ہے اور آپ سے دوسروں کو انفیکشن لگ سکتا ہے۔
- ویکسین لگوانے کے باوجود آپ کو انفیکشن سے بچاؤ کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔

## ویکسین کیسے اثر کرتی ہے؟


- ویکسین جسم کو کرونا وائرس کو پہچاننا اور آپ کا تحفظ کرنا سکھاتی ہے۔
- جسم کو یاد رہتا ہے کہ یہ اس وائرس کے خلاف کیسے آپ کا دفاع کر سکتا ہے۔



## عام ضمنی اثرات

- انجیکشن لگنے کی جگہ پر درد
- تھکن
- سر میں درد
- جسم میں درد
- کپکپی اور بخار

ان ضمنی اثرات سے تنگی ہوتی ہے لیکن یہ چند دن بعد دور ہو جاتے ہیں۔



## غیر معمولی ضمنی اثرات

- سنگین ضمنی اثرات بہت کم ہوتے ہیں۔
- اگر الرجک ردّعمل اور دل کی سوزش جیسے بہت کم ظاہر ہونے والے ضمنی اثرات پیش آئیں تو ان کا علاج ہو سکتا ہے۔
- اگر کوئی نئے ضمنی اثرات ظاہر ہوں تو ہم ان کا بہت دھیان رکھتے ہیں۔
- اگر ویکسینیشن کے بعد آپ کو غیر معمولی، شدید یا دیر تک رہنے والے ضمنی اثرات پیش آئیں تو ڈاکٹر، پبلک ہیلتھ نرس یا دوسرے طبی عملے سے رابطہ کریں۔



16 سال سے کم عمر کے بچوں کی ویکسینیشن کے لیے سرپرستوں کی اجازت (رضامندی) ضروری ہے۔ ویکسینیشن مفت ہے۔ اپنی کمیون کی ویب سائیٹ پر دیکھیں کہ آپ کو کیسے اپائنٹمنٹ مل سکتی ہے۔ fhi.no/kvp پر تفصیل پڑھیں

Download consent form here

FHI